# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 28 November-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۲۸/دسمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::: سرخیاں ::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیش نظر سیاسی سرگرمیاں تیز۔نشستوں کی تقسیم کے معاملے میں مہایوتی میں گفت وشنید جاری۔

☆ راشٹروادی کانگریس کے دونوں گروپ متحد ہوجائیں تو کانگریس تنہا الیکشن لڑے گی۔وجئے وڈیٹی وار کی وضاحت۔

☆ وزیراعظم نریندرمودی آج من کی بات پروگرام میں عوام سے بات چیت کریں گے۔

☆ وی بی جی رام جی قانون لاکرمرکزی حکومت نے غریبوں کے پیٹ پرلات ماری ہے۔کانگریس کی تنقید۔

اور۔۔۔☆ دھاراشیو ضلع کے کاشے گاؤں دیہات میں بجلی کا جھٹکا لگنے سے 4/افراد کی موت۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیراعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہاہے کہ ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیےمہایوتی کی رکن جماعتوں کے درمیان نشستوں کی تقسیم سے متعلق گفت وشنید جاری ہےاورعنقریب یہ تعطل ختم ہوجائے گا۔کل امراوتی میں اخباری نمائندوں سے گفتگوکرتے ہوئے انہوں نے مہایوتی میں نشستوں کی تقسیم سے متعلق مثبت موقف پیش کیا۔اسی دوران ان انتخابات کے پیش نظر سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئی ہیں۔بی جے پی اور شیوسینا کے مابین سیٹوں کے بٹوارے پر بات چیت جاری ہے۔نائب وزیراعلیٰ ایکناتھ شندے نے بتایا کہ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیےشیوسینااور بی جے پی کے مابین بہتر مکالمے کے ذریعے اتحاد ہوجائے گا۔

***** ***** *****

ممبئی میونسپل کارپوریشن کے آئندہ انتخابات کے لیے بی جے پی اورشیوسینا کے مابین آخر کارنشتوں کی تقسیم میں پیش رفت ہوئی ہے۔ممبئی بی جے پی کے صدرامیت ساٹم نے کل اخبارنویسوں سے گفتگوکرتے ہوئے بتایا کہ مجموعی طور پر 207 /نشستوں پرفیصلہ ہوچکا ہے۔ان میں بی جے پی 128 /نشستوں پراورشیوسینا 79 /حلقوں میں اپنے امیدوارکھڑے کرے گی بقیہ 20 /سیٹوں پربات چیت جاری ہے۔اوراعلیٰ سطح پرگفتگو کے بعدان پربھی فیصلہ ہوجائے گا۔

***** ***** *****

کانگریس رہنما وجئے وڈیٹی وار نے کہا ہے کہ اگرراشٹروادی کانگریس کے دونوں گروپ متحد ہوجاتے ہیں تو کانگریس تنہا انتخابات لڑے گی۔ ناگپور میں صحیفہ نگاروں سے گفتگوکرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ جہاں ممکن ہوسکے وہاں ونچت بہوجن آگھاڑی کے ساتھ انتخابی مفاہمت کے لیے بات چیت جاری ہے۔اورمقامی قیادت کوآگاہ کردیا گیا ہے کہ ہم خیال جماعتوں کے ساتھ اتحادکیا جائے گا۔انہوں نے الزام عائدکیا کہ بی جے پی نفرت کی

سیاست کررہی ہے اور ریاست میں منفی سیاست جاری ہے۔

***** ***** *****

آکولہ میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیش نظر بی جے پی اور راشٹروادی کانگریس کے مابین نشستوں کی تقسیم پر بات چیت کے لیے کل پہلا اجلاس منعقد ہوا۔ راشٹروادی کانگریس کے رہنما اندرنیل نائیک نے بتایا کہ اس سلسلے میں 99 /فی صد حلقوں کے لیے اتفاق ہو چکا ہے۔ تاہم ایک یا دو حلقوں میں تعطل ہنوز برقرار ہے اور عنقریب ہونے والی دوسری میٹنگ میں یہ تعطل ختم ہو جائے گا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیے میونسپل کمشنر و ایڈمنسٹریٹر اور انتخابی افسر جی شری کانت نے کل انتخابات سے قبل کی تیاریوں کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس موقع پر انہوں نے وضاحت کی کہ انتخابی مہم کے دوران کسی بھی سیاسی پارٹی یا امیدوار کو شہر کا ایک ہی میدان، ہال یا جلسہ گاہ مسلسل آٹھ سے دس دن تک ریزرو رکھنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ اس اجلاس میں انتخابات کے لیے منصوبہ بندی، تشہیری مہم کے دوران انتظامات۔ نفری قوت کی تربیت۔ ضابطہ اخلاق کے نفاذ کے سمیت تمام پہلوؤں کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ شفاف۔ بے خوف اور پرامن انتخابات کے انعقاد کے لیے تمام افسران کو اپنی ذمہ داریاں نبھانے کی اپیل بھی انہون نے کی۔

***** ***** *****

دوسری جانب چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیش نظر آج آٹھ ہزار پولنگ اسٹیشن صدور اور پولس افسران کی تربیت کے لیے ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر میونسپل کارپوریشن انتخابات کے لیے اب تک 639 / نامزدگی کے فارم فروخت ہو چکے ہیں۔ 17 / امیدواروں نے اپنے پرچۂ نامزدگی داخل کیے ہیں۔

***** ***** *****

شولاپور میونسپل کارپوریشن کے لیے کانگریس نے 10 / وارڈوں کے لیے 20 / امیدواروں کی اپنی پہلی فہرست جاری کردی ہے۔ کولہا پور میونسپل کارپوریشن کے لیے بھی کانگریس نے پارٹی کے 48 / امیدواروں کے ناموں کا اعلان کیا ہے۔

عام آدمی پارٹی نے پہلی بار نئی ممبئی اور بھیونڈی سے میونسپل کارپوریشن انتخابات لڑنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اور دونوں میونسپل کارپوریشنوں میں زیادہ سے زیادہ امیدوار کھڑا کرنے کی پارٹی کوشش کررہی ہے۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

ہندوستان کے پہلے وزیر زراعت ڈاکٹر پنجاب راؤ دیشمکھ کی یوم پیدائش کی مناسبت سے امراوتی کی شری شیواجی شکشن سنستھا کا بھاؤ صاحب دیشمکھ میموریل ایوارڈ کل وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو پیش کیا گیا۔ امراوتی میں منعقدہ اس تفویض اعزاز پروگرام میں ممتاز سائنسداں وجئے بھٹکر کے ہاتھوں وزیر اعلیٰ کو یہ ایوارڈ دیا گیا۔ پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعلیٰ نے کہا موجودہ حکومتِ مہاراشٹر پنجاب راؤ دیشمکھ کے نقش قدم پر چل رہی ہے۔ اور زراعت میں جدید ٹیکنالوجی کو تیزی سے فروغ دیا جارہا ہے۔ اسی مقصد کے تحت حکومت نے زراعت میں مصنوعی ذہانت یعنی AI کا منصوبہ شروع کیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ میں سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی کی انتظامی عمارت کے استقبالیہ پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر منوہر چاسکر نے ڈاکٹر پنجاب راؤ

دیشمکھ کی تصویر کی گلپوشی کر کے انہیں خراج عقیدت پیش کیا۔

***** ***** *****

وزیراعظم نریندر مودی آج صبح 11 ربجے آکاشوانی پر من کی بات سلسلے کے تحت ملک کی عوام سے بات چیت کریں گے۔ یہ اس پروگرام کی 129ر قسط ہے۔ جس کی براہ راست نشریات آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام چینلز۔ اے آئی آر نیوز کی ویب سائٹ اور موبائیل ایپ نیوز آن AIR پر کی جائے گی۔ اسی طرح اے آئی آر نیوز۔ ڈی ڈی نیوز۔ وزیراعظم کے دفتر اور وزارت اطلاعات ونشریات کے یوٹیوب چینل پر بھی یہ پروگرام براہ راست نشر کا یا جائے گا۔ پروگرام کے بعد علاقائی زبانوں میں اس کا ترجمہ نشر ہوگا۔

***** ***** *****

کانگریس کے قومی صدر ملک ارجن کھرگے نے کہا ہے کہ من ریگا کی بجائے وی۔ بی۔ جی۔ رام جی۔ قانون لاکر مرکزی حکومت نے غریبوں کے پیٹ پر لات ماری ہے اور انتباہ دیا کہ اس اسکیم کے خلاف تحریک شروع کی جائے گی۔ کل نئی دہلی میں منعقدہ کانگریس مجلس عاملہ کے اجلاس میں اس قانون سمیت کئی موضوعات پر گفتگو ہوئی جس کے بعد پارٹی صدر نے پارٹی کا موقف پیش کیا۔ اجلاس میں بنگلہ دیش میں ہندو اقلیتوں پر حملوں کی مذمت بھی کی گئی اور فہرست رائے دہندگان پر باریکی سے نظر ثانی مہم پر بات چیت کی گئی۔ اس اجلاس میں کانگریس پارلمانی پارٹی کی رہنما سونیا گاندھی اور لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی بھی موجود تھے۔

***** ***** *****

ایئر پورٹ اتھارٹی آف انڈیا کے تحت ملک کی 62 رطیرانگاہوں پر صارفین کے مطمئن ہونے یا نہ ہونے سے متعلق سروے کیا گیا۔ اس سروے کے دوسرے مرحلے میں چھترپتی سمبھاجی نگر طیران گاہ نے پہلا مقام حاصل کیا۔ گزشتہ سال کے سروے میں یہ ہوائی اڈہ 4587 نشانات کے ساتھ 113 ویں نمبر پر تھا۔ جس کے بعد ہوائی اڈے کے انتظامیہ نے اس برس یہ اعزاز حاصل کیا ہے۔

***** ***** *****

بیڑ ضلع کے ساکشرپمپری میں انڈین کاٹن کارپوریشن سی سی آئی، کے ذریعے کپاس خرید مرکز شروع کیا جائے گا۔ اس وقت کپاس کی فروخت کا موسم جاری ہونے کے باوجود شیرور۔ آشٹی۔ پاٹودہ اور بیڑ تعلقوں کے کسانوں کو 50 سے 60 کلومیٹر دور جانا پڑ رہا تھا جس سے انہیں مالی اور وقت کی دشواریوں کا سامنا تھا۔ یہ مسئلہ شیوسنگرام پارٹی کی صدر ڈاکٹر جیوتی میٹے نے رابطہ وزیر اور نائب وزیراعلیٰ اجیت پوار کے گوش گذار کیا تھا جس پر انہوں نے یہ احکامات دیئے۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع کے تلجاپور تعلقے کے موضع کیشے گاؤں میں ایک کھیت میں بجلی کا جھٹکا لگنے سے چار افراد کی موقع پر ہی موت ہوگئی۔ کل دوپہر ایک کسان گنپتی ساکھرے کے کھیت میں بورویل کی موٹر نکالنے کے دوران مہاوترن کے بجلی کے تار سے مس ہوجانے کے باعث یہ حادثہ پیش آیا۔

***** ***** *****

سکھ مذہب کے دسویں گروشری گروگوبند سنگھ کی یوم پیدائش کے حوالے سے چھترپتی سمبھاجی نگر شہر کے دھاونی محلے میں واقع گردوارے میں کل اکھنڈ پاٹھ مکمل کیا گیا۔ اس موقع پر مختلف مذہبی اور سماجی پروگرام منعقد کئے گئے۔ اور دھاونی محلے سے ایک جلوس بھی نکالا گیا۔

***** ***** *****

خواتین کرکٹ میں بھارت اور سری لنکا کے مابین چوتھا ٹی ٹوینٹی میچ آج تیروانتھ پورم میں کھیلا جائے گا۔ شام سات بجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔

پانچ میچوں کی اس سیریز میں بھارت تین۔صفر کی غیر مفتوح سبقت حاصل کر چکا ہے۔

***** ***** *****

ریاست میں کل سب سے کم درجۂ حرارت 7.3 سیلسیس اھلیہ نگر میں درج کیا گیا۔ مالیگاؤں اور ناسک میں اوسطاً10، چھترپتی سمبھا جی نگر میں 11.5اور پربھنی اور ناسک میں درجۂ حرارت 12.4 سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ ریاست میں میونسپل کارپوریشن انتخابات کے پیش نظر سیاسی سرگرمیاں تیز۔نشستوں کی تقسیم کے معاملے میں مہایوتی میں گفت وشنید جاری۔

☆ راشٹروادی کانگریس کے دونوں گروپ متحد ہو جائیں تو کانگریس تنہا الیکشن لڑے گی۔وجئے وڈیٹی وار کی وضاحت۔

☆ وزیر اعظم نریندر مودی آج من کی بات پروگرام میں عوام سے بات چیت کریں گے۔

☆ وی بی جی رام جی قانون لا کر مرکزی حکومت نے غریبوں کے پیٹ پر لات ماری ہے۔کانگریس کی تنقید۔

اور۔۔۔☆ دھاراشیو ضلع کے کاشے گاؤں دیہات میں بجلی کا جھٹکا لگنے سے 4/افراد کی موت۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****